بسم اللہ الرحمن الرحیم

ادارہ دعوتِ حق پیش کر رہا ہے

مجلّہ دابق 10 کے مضمون کا اردو ترجمہ

# دوستی اور دشمنی اللہ کے لیے

حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا، ''محبت رکھو اللہ کے لیے، نفرت رکھو اللہ کے لیے، حمایتی بناؤ اللہ کے لیے، اور دشمن بناؤ اللہ کے لیے، کیوں کہ اللہ کی ولایت (محبت بھری حفاظت و سرپرستی) اس کے بغیر نہیں ملتی۔ چاہے کسی کی نمازیں اور روزے شاندار ہوں تب بھی وہ ایمان کا مزہ نہ چکھے گا جب تک وہ ایسا نہ ہو۔ آج لوگوں کا بھائی چارہ دنیاوی معاملات کے لیے ہو کر رہ گیا ہے اور یہ ایک ایسی چیز ہے جو یومِ حشر لوگوں کو کچھ فائدہ نہ دے گی۔''

پھر آپؓ نے یہ آیت تلاوت فرمائی:

ٱلۡأَخِلَّآءُ يَوۡمَئِذِۭ بَعۡضُهُمۡ لِبَعۡضٍ عَدُوٌّ إِلَّا ٱلۡمُتَّقِينَ

(جو آپس میں) گہرے دوست (ہیں) اس روز ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے۔ مگر متقی (کہ باہم دوست ہی رہیں گے) (الزخرف67)

آپؓ نے یہ آیت بھی تلاوت فرمائی:

لَّا تَجِدُ قَوۡمٗا يُؤۡمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِ يُوَآدُّونَ مَنۡ حَآدَّ ٱللَّهَ وَرَسُولَهُۥ وَلَوۡ كَانُوٓاْ ءَابَآءَهُمۡ أَوۡ أَبۡنَآءَهُمۡ أَوۡ إِخۡوَٰنَهُمۡ أَوۡ عَشِيرَتَهُمۡۚ۔۔۔

جو لوگ اللہ پر اور روز قیامت پر ایمان رکھتے ہیں تم ان کو اللہ اور اس کے رسول کے دشمنوں سے دوستی کرتے ہوئے نہ پاؤ گے۔ خواہ وہ ان کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا خاندان ہی کے لوگ ہوں۔۔۔(المجادلہ:22)

[- ابن المبارک نے "الزہد" میں اللالقائی سے روایت کیا۔]

حذیفہؓ نے فرمایا: "انسان کو انجانے میں یہودی یا نصرانی بن جانے سے خبر دار رہنا چاہیے"

پھر آپؓ نے یہ آیت تلاوت فرمائی:

۔۔۔وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمۡ فَإِنَّهُۥ مِنۡهُمۡۗ۔۔۔

۔۔۔اور تم میں سے جو شخص ان کو دوست بنائے گا وہ بھی انہیں میں سے ہو گا۔۔۔(المائدہ:51)

[-عبد ابن حُمَید اور الخلال نے "السنہ" میں روایت کیا۔]



البراءبن عازبؓ بیان کرتے ہیں کہ وہ (کچھ لوگوں کے ساتھ) رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ ﷺ نے لوگوں سے پوچھا "بتاؤ اسلام کی کون سی گرہ سب سے زیادہ مضبوط ہے؟" لوگوں نے جواب دیا "نماز"۔ آپ ﷺ نے فرمایا "یہ اچھی ہے لیکن یہ وہ نہیں ہے" لوگوں نے کہا "زکوۃ" آپ ﷺ نے فرمایا "یہ اچھی ہے لیکن یہ وہ نہیں ہے" لوگوں نے کہا "رمضان کے روزے" آپ ﷺ نے فرمایا "یہ اچھا ہے لیکن یہ وہ نہیں ہے" لوگوں نے کہا "الحج" آپ ﷺ نے فرمایا "یہ اچھا ہے لیکن یہ وہ نہیں ہے" لوگوں نے کہا "جہاد" آپ ﷺ نے فرمایا "یہ

اچھا ہے لیکن یہ وہ نہیں ہے۔ بے شک اسلام کی سب سے زیادہ مضبوط گرہ یہ ہے کہ اللہ کے لیے محبت کرنا اور اللہ ہی کے لیے نفرت کرنا۔" [امام احمد اور دوسروں سے روایت کردہ]

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "انسان اپنے قریبی دوست کے دین پر ہوتا ہے، تو تم میں سے ہر ایک کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کس کو اپنا قریبی دوست بناتا ہے۔" [ابو داؤد اور الترمذی نے روایت کیا]

ادارہ دعوتِ حق
لنصرت دولتِ اسلامیہ
لا تنسونا من صالح دعائکم

www.dawatehaq.net